BRAMPTON **Service and Information Update**

17 مئی 2023

سٹی آف برامپٹن میں وکٹوریہ ڈے کا انعقاد

برامپٹن، آن – اس سال، وکٹوریا ڈے بروز پیر، مورخہ 22 مئی کو منایا جا رہا ہے۔

ضروری اور اہم سروسز

تمام ضروری اور فوری نوعیت کی سروسز، بشمول فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز، ٹریفک سروسز، بائی لاء انفورسمنٹ، روڈ آپریشنز، سیکورٹی سروسز معمول کے مطابق اپنا کام جاری رکھیں گی۔

آتش بازی

سٹی آف برامپٹن رہائشیوں کو یاد دلانا چاہتا ہے کہ برامپٹن میں آتش بازی کا استعمال، خریداری، قبضہ میں رکھنا، ڈسپلے کرنا، فروخت کرنا اور کسی کو اس کی پیشکش کرنا ممنوع ہے۔

اپنے رہائشیوں کی حفاظت سٹی کی اولین ترجیح ہے اور فائر ورکس بائی لاء کا بنیادی مقصد شہریوں کو زخمی ہونے سے بچانا اور املاک کو پہنچنے والے نقصان کے خطرے کو کم کرنا ہے۔

رہائشی آتش بازی کے استعمال یا فروخت کی اطلاع دینے کے لیے3-1-1 پر کال کر سکتے ہیں، 3-1-1 ایپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا www.brampton.ca پر آن لائن ایسا سکتے ہیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں جرمانے $500 سے $1,000 تک ہو سکتے ہیں اور عدالتی سمن جاری ہونے کی صورت میں جرمانے $100,000 تک پہنچ سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: www.brampton.ca/fireworks

برامپٹن ٹرانزٹ

برامپٹن ٹرانزٹ، وکٹوریہ ڈے پر اتوار/چھٹی کے شیڈول کے مطابق کام کرے گی۔ ٹرمینلز پر موجود کسٹمر سروس کاؤنٹرز بند رہیں گے۔ کنٹیکٹ سنٹر صبح 9 تا شام 6 بجے تک معاونت کے لیے دستیاب رہے گا۔ برامپٹن ٹرانزٹ کی کلارک اور سینڈل ووڈ کی سہولت گاہیں، بشمول لاسٹ اینڈ فاؤنڈ بروز پیر، مورخہ 22 مئی کو بند رہیں گی۔

سروس اپ ڈیٹس کے www.bramptontransit.com ملاحظہ کریں یا ہمیں بذریعہ @bramptontransit ٹویٹر پر فالو کریں۔ کسی بھی قسم کے سوالات برامپٹن ٹرانزٹ کے کنٹیکٹ سنٹر سے 905.874.2999 پر پوچھے جا سکتے ہیں۔

برامپٹن کے تفریحی مراکز

برامپٹن کے تفریحی مراکز وکٹوریہ ڈے کے لانگ ویک اینڈ پر تخفیف شدہ شیڈول کے تحت کام کریں گے۔ چھٹیوں کے اوقات کاریہاں دستیاب ہیں۔

برامپٹن لائبریری

برامپٹن لائبریری کی تمام شاخیں بروز اتوار، مورخہ 21 مئی اور بروز پیر، مورخہ 22 مئی کو بند رہیں گی اور بروز منگل، مورخہ 23 مئی 2023 کو دوبارہ کھلیں گے۔

www.bramptonlibrary.ca پر ای بُکس اور آڈیو بکس لینے، ٹیلی ویژن اور فلمیں دیکھنے، تعلیمی، تخلیقی اور پیشہ ورانہ ڈیجیٹل لرننگ پلیٹ فارمز کی وسیع رینج تک رسائی حاصل کرنے اور مزید بہت کچھ کرنے کے لیے ہمارے ساتھ آن لائن طور پر شامل ہوں۔
ہمارے تقریبات کے کیلنڈر کے ذریعے تمام عمروں اور دلچسپیوں کے حامل افراد ہمارے ورچوئل پروگراموں کے لیے رجسٹر ہو سکتے ہیں اور ہمارے ای میل اپ ڈیٹس کے لیے بھی سبسکرائب کریں۔ ہمیں فیس بک، ٹویٹر، انسٹاگرام اور لِنکڈ اِن پر فالو کریں اور iOS اور'گوگل پلے'

پر برامپٹن لائبریری موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کرنا نہ بھولیں۔ ہماری ایپ کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے یہاں کلک کریں۔ اور ہمارے عملے کے ساتھ لائیو چیٹ کرنے کے لیے یا کوئی سوال پوچھنے کے لیے، ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

برامپٹن اینیمل سروسز

برامپٹن اینیمل شیلٹر بروز پیر، مورخہ 22 مئی کو بند رہے گا اور بروز منگل، مورخہ 23 مئی کو دوبارہ کھلے گا۔

اینیمل کنٹرول پیر تا جمعہ صبح 7 تا رات 11 بجے تک اور ہفتہ، اتوار اور چھٹیوں کے دنوں کے دوران دن صبح 8 تا شام 6:30 بجے تک سڑکوں پر موجود ہوتا ہے۔ ان اوقات کے علاوہ، اینیمل کنٹرول صرف ہنگامی حالات میں ہی مدد فراہم کرے گا۔

مربوط رہیں

کسی بھی قسم کی انکوائری کے لیے رہائشی 311 یا 905.874.2000 (برامپٹن کے باہر سے) پر کال کر سکتے ہیں اور اس کے علاوہ برامپٹن 311 ایپ (ایپ اسٹور یا گوگل پلے پر دستیاب ہے) استعمال کر سکتے، ہیں، www.311brampton.ca وزٹ کر سکتے ہیں یا 311@brampton.ca پر ایک ای میل بھیج سکتے ہیں۔ ہم سٹی آف برامپٹن یا ریجن آف پیل کے ہر قسم کے معاملات کے لیے 24/7 دستیاب ہیں۔

بندشیں

سٹی ہال اور سٹی آف برامپٹن کے تمام انتظامی دفاتر بروز پیر، مورخہ 22 مئی کو بند رہیں گے اور بروز منگل، مورخہ 23 مئی کو دوبارہ کھلیں گے۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca